**سابق سٹی ناظم کراچی سید مصطفےٰ کمال کی واشنگٹن میں امور خارجہ اور نیشنل سیکوریٹی کے بارے میں امریکی کانگریس کی سب کمیٹی کے چیئر مین جون ٹائرنی اور کانگریس مین جیف فلیک سے ملاقات**

**دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کے کردار، جغرافیائی سیاسی صورتحال اور پاکستان کے مجموعی حالات پر تبادلہ خیال**

**دہشت گردی کے خلاف جنگ محض فوجی طاقت کے استعمال سے نہیں جیتی جاسکتی، مصطفےٰ کمال**

**امریکہ کو چاہیے کہ وہ افغانستان اور پاکستان میں سیاسی و معاشی استحکام اور غربت و پسماندگی کو دور کرنے کیلئے سوشل سیکٹر میں بھی دونوں ملکوں کی ہر ممکن مدد کرے۔ مصطفےٰ کمال**

**کانگریس کی سب کمیٹی کے چیئر مین جون ٹائرنی اور کانگریس مین جیف فلیک کی جانب سے پاکستان میں مذہبی رواداری کے فروغ، ملک کو صحیح جمہوری خطوط پر استوار کرنے اور نچلے طبقہ کیلئے ایم کیو ایم کی جدوجہد کی تعریف**

**کراچی کی سابقہ شہری حکومت کو گڈ گورننس کی بہترین مثال ہے۔ جون ٹائرنی**

واشنگٹن۔۔۔2 مئی 2010ء

سابق سٹی ناظم کراچی اور ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سید مصطفےٰ کمال نے واشنگٹن میں امور خارجہ اور نیشنل سیکوریٹی کے بارے میں امریکی کانگریس کی سب کمیٹی کے چیئر مین جون ٹائرنی ( John Tierney ) اور کانگریس مین جیف فلیک ( Jeff Flake ) سے ملاقات کی۔ حکمراں ڈیموکریٹک پارٹی سے تعلق رکھنے والے اراکین کانگریس سے ہونیوالی اس ملاقات میں دہشت گردی کے خلاف جاری جنگ میں پاکستان کے کردار، جغرافیائی سیاسی صورتحال اور پاکستان کے مجموعی حالات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے مصطفےٰ کمال نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ محض فوجی طاقت کے استعمال سے نہیں جیتی جاسکتی، امریکہ کو چاہیے کہ وہ افغانستان اور پاکستان میں سیاسی و معاشی استحکام اور غربت و پسماندگی کو دور کرنے کیلئے سوشل سیکٹر میں بھی دونوں ملکوں کی ہر ممکن مدد کرے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے معاشی استحکام کیلئے امریکہ کو چاہیے کہ وہ پاکستانی مصنوعات کیلئے امریکی منڈیوں تک رسائی دے اور تجارت کو فروغ دینے میں پاکستان کی مدد کرے۔ مصطفےٰ کمال نے کانگریس کے اراکین کو پاکستان میں ایک لبرل اور صحیح جمہوری نظام کے قیام کیلئے ایم کیو ایم کی جدوجہد اور اس کے کردار پر بھی تفصیلی روشنی ڈالی۔ کانگریس کی سب کمیٹی کے چیئر مین جون ٹائرنی اور کانگریس مین جیف فلیک نے پاکستان کو صحیح جمہوری خطوط پر استوار کرنے، ملک میں مذہبی روداری اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ اور نچلے طبقہ کیلئے ایم کیو ایم کی جدوجہد کو سراہا اور کراچی کی سابقہ شہری حکومت کو گڈ گورننس کی بہترین مثال قرار دیا۔

☆☆☆☆☆